اعلیٰ حضرت مجددِ دین وملت امامِ اہلسنّت شاہ مولانا احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کے اِرشادات کا مجموعہ

مُسَمّٰی بنامِ تاریخی

اَلْمَلفُوظ (مکمل 4 حصے)

۱۳۳۸ھ

معروف بہ

ملفوظاتِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿مع تخریج وتسہیل﴾

مؤلّف:

شہزادۂ اعلیٰحضرت تاجدارِ اہلسنّت مفتیٔ اعظم ہند

حضرتِ علامہ مولانا محمد مصطفٰے رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن

پیش کش

مجلس المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)

ناشِر

مکتبۃُ المدینہ بابُ المدینہ کراچی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم ط

نام کتاب: **الملفوظ**

پیش کش: مجلس اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیّۃ

سنِ طباعت: 12 جُمادَی الاُخریٰ 1430ھ، بمطابق 5 جون 2009ء

قیمت:

ناشر: **مکتبۃُ المدینہ** فیضانِ مدینہ محلّہ سوداگران پرانی سبزی منڈی باب المدینہ (کراچی)

E.mail:ilmia26@dawateislami.net

E.mail.maktaba@dawateislami.net

Ph:4921389-90-91 Ext:1268

توکُّل کی تعریف

اعلیٰ حضرت، اِمامِ اَہلسنّت، مولیٰنا شاہ **امام اَحمد رضا خان** علیہ رحمۃُ الرَّحمٰن فرماتے ہیں: توکُّل ترکِ اسباب کا نام نہیں بلکہ اعتماد علی الاسباب کا ترک ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲۴ ص۳۷۹) **یعنی** اسباب ہی کی چھوڑ کر دینا توکُّل نہیں ہے توکُّل تو یہ ہے کہ اسباب پر بھروسہ نہ کرے۔

لَوْ مُتَّ مُتَّ عَلٰی غَیْرِ الْفِتْرَۃِ (ہم اندیشہ کرتے ہیں کہ) اگر تُو اِسی حال پر مرا

اَلَّتِیْ فَطَرَ اللّٰہُ مُحَمَّدًا عَلَیْھَا تو دینِ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نہ مرے گا۔

(ملتقطاً، صحیح البخاری کتاب الاذان باب اذا لم یتم الرکوع، الحدیث ۷۹۱، ج۱، ص۲۷۸)

کیا ہر مُمکِن چیز پیدا ہو چکی ہے؟

عرض: کیا جس قدر ممکنات ہیں وہ تحتِ قدرت بایں معنی (یعنی اس طور پر **اللہ** تبارک وتعالیٰ کی قدرت میں) داخل ہیں کہ اِن کو پیدا فرما چکا ہے؟

ارشاد: نہیں بلکہ بہت سی چیزیں وہ ہیں جو ممکن ہیں اور پیدا نہ فرمائیں مثلاً کوئی شخص ایسا پیدا کرسکتا ہے کہ سر آسمان سے لگ جائے مگر پیدا نہ فرمایا۔

جِنّ و پری کا مسلمان ہونا

عرض: حضور کیا جنّ و پری بھی مسلمان ہوتے ہیں؟

ارشاد: ہاں۔(تفسیر القرآن العظیم، پ۲۹، الجن تحت الآیۃ ۱۱، ج۸، ص ۲۵۴)

مسلمان پَری کی حکایت

﴿اوراسی تذکرہ میں فرمایا﴾ ایک پری **مشرف باسلام** ہوئی اور اکثر خدمتِ اقدس میں **حاضر** ہوا کرتی تھی ایک بار عرصہ تک حاضر نہ ہوئی۔ جب حاضر ہوئی سبب دریافت فرمایا۔ عرض کی حضور! میرے ایک عزیز کا ہندوستان میں انتقال ہوگیا تھا وہاں گئی تھی۔ راہ میں مَیں نے دیکھا کہ ایک پہاڑ پر **ابلیس** نماز پڑھ رہا ہے میں نے اس کی یہ نئی بات دیکھ کر کہا کہ تیرا کام تو نماز سے غافل کردینا ہے تو خود کیسے **نماز** پڑھتا ہے؟ اس نے کہا کہ شاید ربُّ العزت تعالیٰ میری نماز قبول فرمائے اور مجھے بخش دے۔

پیر کے وِصال کے بعد کسی اور سے بیعت ہونا کیسا؟

عرض: زید، محمد شیر میاں صاحب پیلی بھیتی (علیہ رحمۃ اللہ الھادی) سے بیعت ہوا۔ تھوڑا عرصہ ہوا کہ اُنکا وِصال ہوگیا اب کسی اور کا **مرید** ہوسکتا ہے؟

ارشاد: تبدیلِ بیعت بلا وجہِ شرعی **ممنوع** ہے اور تجدید **جائز** بلکہ **مستحب** ہے۔ سلسلۂ عالیہ قادریہ میں (مُرید) نہ ہوا ہو اور